**Shabbir / Fazil**

**16-05-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- بھارت اور متحدہ عرب امارات نے، بہت سے معاہدوں پر دستخط کیے ہیں، جن میں، بھارت میں پیٹرولیم اور گیس کے اہم ذخائر قائم کرنا بھی شامل ہے۔

2- وزیر اعظم نریندر مودی پانچ ملکوں کے اپنے دورے کے دوسرے مرحلے میں نیدرلینڈس پہنچ گئے ہیں۔

3- وزیر اعظم نریندر مودی نے بیرونِ ملک سفر پر ٹیکس عائد کرنے کی میڈیا کی رپورٹ کو مسترد کر دیا ہے۔

4- CBSE نے بارہویں کلاس کے طلبا کی Answer Sheets کو دوبارہ جانچنے کا عمل شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔

5- اسرائیل اور لبنان نے جنگ بندی میں، 45 دن کی توسیع کر دی ہے۔

6- اور بیڈمنٹن میں، تھائی لینڈ اوپن کے سیمی فائنلز میں ستوِک سائی راج رنکی ریڈّی اور چراغ شیٹّی کی، بھارتی مردوں کی ڈبلز کی جوڑی کا مقابلہ ملیشیاء کی جوڑی سے ہوگا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM UAE Visit

بھارت اور متحدہ عرب امارات UAE نے، بہت سے اہم سمجھوتوں پر دستخط کیے ہیں، جن میں اہم پیٹرولیم ذخائر، طویل مدّتی LPG سپلائی اور دفاع کے میدان میں تعاون شامل ہے۔

اِن معاہدوں پر دستخط، مغربی ایشیائی میں جاری محاذ آرائی کے دوران، ابوظہی میں، وزیر اعظم نریندر مودی اور صدر شیخ محمد بن زائد آلِ نہیان کے درمیان اعلیٰ سطح کی بات چیت کے بعد کیے گئے۔ UAE نے بھارت میں، 5 ارب امریکی ڈالرز کی مالیت کی سرمایہ کاری کا عزم کیا ہے۔ وزیر اعظم مودی 5 ملکوں کے اپنے دورے کے پہلے مرحلے میں کل UAE پہنچے تھے۔

معاہدوں میں، اہم شراکت داری کا معاہدہ بھی شامل ہے، جس پر Indian Strategic Petrolium Reserves Ltd. اور ابوظہی کی تیل کمپنیوں کے درمیان دستخط کیے گئے جس کا مقصد بھارت کی توانائی کی فراہمی کو

مستحکم بنانا ہے۔ اِس عمل میں پیٹرولیم کے ذخائر اور رقیق قدرتی گیس نیز رقیق بنائی گئی پیٹرولیم گیس LPG کو ذخیرہ کرنے کی سہولتیں شامل ہیں۔

وزارتِ خارجہ نے ایک بیان میں کہا کہ اِس معاہدے سے بھارت کے اہم پیٹرولیم ذخائر میں UAE کی شراکت میں اضافے سے تین کروڑ بیرلز کا اضافہ ہوگا اور اِس سے بھارت میں گیس کے اہم ذخائر قائم ہوں گے۔×

PM Netherlands

وزیر اعظم نریندر مودی 5 ملکوں کے اپنے دورے کے دوسرے مرحلے کے تحت کل دیر رات نیدرلینڈس پہنچ گئے ہیں۔ وہ اپنے دورے میں نیدرلینڈس کے وزیر اعظم Robb Jetten سے دوطرفہ بات چیت کریں گے اور اُس ملک کے بادشاہ و ملکہ سے بھی ملاقات کریں گے۔

وزیر اعظم کے نیدرلینڈس کے دورے کی خبریں دینے والے ہمارے نامہ نگار کی ایک رپورٹ۔

V/C - Sushrut Sharma

یہ دورہ دوطرفہ تعلقات سے بھی زیادہ اہمیت کا حامل ہے اور امید ہے کہ حال ہی میں کیے گئے بھارت-یوروپ آزاد تجارتی معاہدے کے بعد، بھارت-EU تعلقات وسیع تر ہو جائیں گے۔ ہفتے کے روز وزیر اعظم مودی، بھارتی برادری سے خطاب کریں گے اور نیدرلینڈس کی سرکردہ کمپنیوں کے CEOs سے ملاقات کریں گے۔ امید ہے کہ خاص طور پر سیمی کنڈکٹر چپس اور AI کے میدانوں میں، بہت سے اہم معاہدے کیے جائیں گے۔

تجارت کے نقطۂ نظر سے نیدرلینڈس، بھارت کا ایک اہم اقتصادی شراکت دار ہے۔ یہ بھارتی برآمدات اور بھارت میں سرمایہ کاری کا سب سے بڑا ملک ہے۔

دونوں ملکوں کے درمیان بڑے پیمانے پر شراکت داری قائم ہے اور یہ دونوں ہی ملک پانی کے بندوبست، قابلِ تجدید توانائی، ماحول کیلئے سازگار ہائیڈروجن معیشت، زرعی ٹکنالوجیز اور صحت کے میدانوں میں بھی ایک دوسرے کو تعاون دیتے ہیں۔

نیدرلینڈس کے شہر ہیگ سے سُشرُت شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

نیدرلینڈس کے دورے کے بعد وزیر اعظم مودی 5 ملکوں کے اپنے دورے کے تیسرے مرحلے میں کل سویڈن کے شہر Gothenburg جائیں گے۔×

PM Reject Media Report

وزیر اعظم نریندر مودی نے، ملک کے عوام کیلئے، کاروبار کو مزید آسان بنانے اور زندگی کو مزید آسان بنانے کے حکومت کے عزم کو دوہرایا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے، بیرونِ ملک سفر پر محصول، ٹیکس یا سرچارج عائد کرنے کی میڈیا کی ایک خبر کو مسترد کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ رپورٹ پوری طرح جھوٹی ہے اور اِس میں کوئی سچائی نہیں۔
وزیر اعظم نے کہا کہ بیرونِ ملک سفر پر اِس طرح کی پابندی لاگو کرنے کا کوئی سوال ہی نہیں ہے۔
بعد میں خبروں کی اِن تنظیموں نے اِس رپورٹ کو واپس لے لیا ہے اور سوشل میڈیا ہینڈلز سے اِس سے متعلق پوسٹ کو Delete کر دیا ہے۔
ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں خبروں کی اِن سرکردہ تنظیموں نے اعتراف کیا کہ یہ رپورٹ غلط تھی اور انہوں نے اِس غلطی پر معذرت کا اظہار کیا۔×

Govt Fuel Excise Duty

حکومت نے، پیٹرول کی برآمد پر تین روپے فی لیٹر کی خصوصی اضافی ایکسائز ڈیوٹی عائد کی ہے۔ وزارتِ خارجہ کی طرف سے کل سرکاری گزٹ نوٹیفکیشن کے مطابق ڈیزل برآمدات پر خصوصی اضافی ایکسائز ڈیوٹی میں کمی کی گئی ہے۔ اب یہ ڈیوٹی 23 روپے کے بجائے 16 روپے 50 پیسے فی لیٹر ہوگی۔
ہوائی جہاز کے ایندھن ATF پر خصوصی اضافی ایکسائز ڈیوٹی میں بھی کمی کر کے اِسے 33 روپے سے 16 روپے فی لیٹر کر دیا گیا ہے۔
تبدیل کی گئی یہ شرحیں، اگلے 15 دن تک عائد رہیں گی۔ 15 دن کی یہ مدّت آج سے شروع ہو رہی ہے۔ گھریلو کھپت کیلئے پیٹرول اور ڈیزل پر عائد ایکسائز ڈیوٹی کی موجودہ شرحوں میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔×

Shah RN Kao Lecture

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ بھارت کو، وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں، 2047 تک، منشیات سے پاک کرنے کا قومی مقصد طے کیا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی حفاظتی ایجنسیوں نے منشیات کے منظّم گروہوں کا خاتمہ کرنے کا ایک خاکہ تیار کیا ہے اور وہ اِس مقصد کی جانب سرگرمی سے کام کر رہی ہے۔
کل نئی دلّی میں، RN Kao یادگاری لیکچر دیتے ہوئے وزیر داخلہ نے کہا کہ نشیلی اشیاء کی ناجائز تجارت، محض نظم و ضبط کا معاملہ نہیں ہے، بلکہ یہ ایک ایسا معاملہ ہے، جس کے طویل مدّتی اثرات سماج اور مستقبل کی نسلوں پر مرتب ہوتے ہیں، جس کی روک تھام کیلئے جامع کارروائی کی ضرورت ہے۔
انہوں نے نشیلے مادّوں کے تئیں ہرگز برداشت نہ کرنے کی بھارت کی پالیسی کا یہ کہتے ہوئے ایک بار پھر ذکر کیا کہ ملک اِس بات کو یقینی بنائے گا کہ محض ایک گرام نشیلا مادّہ بھی، اِس کے علاقے کو گزرگاہ کے طور پر استعمال کرتے ہوئے بھارت میں نہ تو داخل ہو اور نہ یہاں سے جائے۔×

VP Sikkim Visit

نائب صدر جمہوریہ، سی پی رادھا کرشنن عہدہ سنبھالنے کے بعد، آج پہلی مرتبہ سکم کا دورہ کریں گے۔ دورے کے دوران نائب صدر جمہوریہ سکم کی راجدھانی Gangtok میں، ریاست کے یومِ تاسیس کی تقریبات میں شرکت کریں گے۔ اِن تقریبات میں، شمال مشرقی خطّے کی ترقی کے مرکزی وزیر جیوتی رادتیہ سندھیا کے ساتھ سکم کے گورنر اوم پرکاش ماتھر اور وزیر اعلیٰ پریم سنگھ تمانگ بھی شرکت کریں گے۔

سکم آج اپنا یومِ تاسیس منا رہا ہے۔ 1975 میں بادشاہت کے ختم ہونے کے بعد یہ بھارت کی 22 ویں ریاست بنی تھی۔ امکان ہے کہ نائب صدر جمہوریہ اپنے قیام کے دوران چند اہم مقامات کا بھی دورہ کریں گے۔x

WB MP FIR

مغربی بنگال میں ترنمول کانگریس کے رہنما اور رکن پارلیمنٹ ابھیشیک بنرجی کے خلاف ایک FIR درج کی گئی ہے۔ یہ FIR حالیہ مغربی بنگال اسمبلی انتخابات کی حالیہ چناؤ مہم کے دوران مبینہ طور پر اشتعال انگیز بیانات دینے کے الزام میں درج کی گئی ہے۔ شکایت کرنے والے کا الزام ہے کہ اُن کے بعض بیانات، جن میں مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کے خلاف نازیبا تبصرے بھی شامل ہیں، سوشل میڈیا پر وسیع پیمانے پر شیئر کیے گئے، جن میں رکن پارلیمنٹ کا سرکاری فیس بک پیج بھی شامل ہے۔

اس دوران، ایک اور پیش رفت میں مغربی بنگال حکومت نے تین سینئر IPS افسران کو معطل کر دیا ہے، جن میں کولکاتا پولیس کے سابق کمشنر وینیت گوئل بھی شامل ہیں۔ یہ کارروائی آر جی کر میڈیکل کالج عصمت دری اور قتل کیس کی تحقیقات میں مبینہ کوتاہیوں کے سلسلے میں کی گئی ہے۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

CBSE

ثانوی تعلیم کے مرکزی بورڈ CBSE نے منصفانہ اور شفاف جانچ کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے بارہویں جماعت کے طلبہ کیلئے نتائج کے بعد فراہم کی جانے والی سہولیات سے متعلق ایک نوٹس جاری کیا ہے۔

نوٹس میں بورڈ نے کہا ہے کہ اپنے نتائج سے غیر مطمئن طلبہ دو مرحلوں پر مشتمل نظرِ ثانی کے نظام سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ پہلے مرحلے میں طلبہ اپنی جانچی گئی جوابی کاپیوں کی اسکین شدہ نقول کے لیے آن لائن درخواست دے سکتے ہیں، جنہیں جائزے کے لیے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔ دوسرے مرحلے میں طلبہ کسی بھی فرق یا غلطی کی تصدیق کرا سکتے ہیں یا مارکنگ اسکیم کی بنیاد پر مخصوص جوابات کی دوبارہ جانچ کیلئے درخواست دے سکتے ہیں۔

CBSE کے مطابق، اسکین شدہ نقول کے لیے آن لائن درخواستیں اس ماہ کی 19 سے 22 تاریخ تک جمع کرائی جا سکتی ہیں، جس کی فیس 700 روپے فی مضمون مقرر کی گئی ہے۔ اسی طرح تصدیق اور دوبارہ جانچ کے لیے درخواستیں اس ماہ کی 26 سے 29 تاریخ کے درمیان جمع کرائی جا سکیں گی۔x

Shivraj Maharashtra

دیہی ترقیات کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ عنقریب ملک میں کوئی بھی غریب شخص نہیں ہوگا جس کے پاس مستقل گھر نہ ہو۔ انھوں نے کہا کہ سبھی کیلئے پکے مکانات کی فراہمی مرکزی حکومت کا پختہ عزم ہے۔ جناب چوہان مہاراشٹر میں Satara کے مقام پر منعقدہ مہاآواس ابھیان کے تحت تعمیر شدہ مکانات کے افتتاح کے موقع پر اجتماع سے خطاب کر رہے تھے۔

S/B Shivraj Singh Chouhan

Neet Re-Exam Date

امتحانات منعقد کرنے والی قومی ایجنسی NTA نے اعلان کیا ہے کہ انڈرگریجویٹ میڈیکل کورسز میں داخلے کیلئے NEET-UG-2026 امتحان دوبارہ 21 جون کو منعقد ہوگا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر ایجنسی نے امیدواروں اور والدین سے کہا ہے کہ وہ مصدقہ اور مستند معلومات کے لیے صرف NTA کے سرکاری ذرائع پر ہی اعتماد کریں۔

اس سے پہلے، اس مہینے کی 3 تاریخ کو منعقدہ امتحان پیپر لیک ہونے کے الزامات کے بعد رڈّ کر دیا گیا تھا۔ اس معاملے کی تحقیقات اس وقت مرکزی تحقیقاتی بیورو CBI کر رہی ہے۔

NTA نے یہ بھی اطلاع دی ہے کہ امیدوار جمعرات تک اپنا موجودہ پتہ اَپ ڈیٹ کر سکتے ہیں اور امتحان کے شہروں میں اپنی پہلی اور دوسری ترجیح کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ امتحان دوپہر 2 بجے سے شام سوا پانچ بجے تک منعقد ہوگا۔x

Israel Lebanon Ceasefire

اسرائیل اور لبنان نے واشنگٹن میں ہونے والے ایک اور دور کے مذاکرات کے بعد اپنی جنگ بندی میں 45 دن کی توسیع پر اتفاق کیا ہے۔ امریکہ کے محکمہ خارجہ کے ترجمان Tommy Pigott نے کہا ہے کہ 16 اپریل کو ہونے والی جنگ بندی کو مزید 45 دن کے لیے بڑھایا دیا جائے گا تاکہ مزید پیش رفت ممکن ہو سکے۔ یہ فیصلہ امریکہ کی میزبانی میں اسرائیل اور لبنان کے درمیان دو روز تک جاری رہنے والی انتہائی مفید اور نتیجہ خیز مذاکرات کے اختتام کے بعد کیا گیا، جو کل مکمل ہوئے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب Pigott نے کہا کہ امریکی محکمہ خارجہ 2 اور 3 جون کو سیاسی مذاکرات کا سلسلہ دوبارہ شروع کرے گا۔

اِس کے علاوہ، اس مہینے کی 29 تاریخ کو پنٹاگن میں سکیورٹی سے متعلق بات چیت کا مرحلہ بھی شروع کیا جائے گا، جس میں دونوں ممالک کے فوجی وفود شرکت کریں گے۔

انہوں نے مزید کہا کہ امریکہ کو امید ہے کہ یہ مذاکرات دونوں ممالک کے درمیان دیرپا امن، ایک دوسرے کے اقتدارِ اعلیٰ اور علاقائی سالمیت کے مکمل احترام اور مشترکہ سرحد پر حقیقی سلامتی کے قیام میں مددگار ثابت ہوں گے۔x

[Trump Iran]

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز کو کھولا جائے گا اور امریکہ ایران کو جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی اجازت نہیں دے گا۔ ایک ٹی وی چینل کو انٹرویو دیتے ہوئے جناب ٹرمپ نے مغربی ایشیا کے بحران کے دوران امریکی اقدامات کا دفاع کرتے ہوئے کہا کہ وہ وہی کریں گے جو درست ہوگا۔

صدر ٹرمپ نے امریکہ کے ساتھ جاری مذاکرات کے سلسلے میں بھی ایران کو تنقید کا نشانہ بنایا اور الزام لگایا کہ ایران کے ساتھ ہونے والے معاہدوں کی مستقل طور پر پاسداری نہیں کی جاسکتی۔ جناب ٹرمپ نے کہا کہ ایران جب بھی کوئی معاہدہ کرتا ہے تو بعد میں ایسے برتاؤ کرتا ہے جیسے کبھی بات چیت ہوئی نہ ہو۔ انہوں نے زور دیا کہ ایران کو جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی اجازت نہیں دی جانی چاہیے۔x

[IMD Weather]

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے جھارکھنڈ، مدھیہ پردیش، راجستھان، اترپردیش اور وِدربھ کے علاقوں میں آج شدید گرمی کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کونکن اور گوا کے علاقوں میں بھی آج گرم اور حبس والے موسم کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD کے مطابق انڈمان و نکوبار جزائر میں آج شدید سے بہت شدید بارش ہوسکتی ہے۔

IMD نے کہا کہ کیرالہ، ماہے، جنوبی کرناٹک کے اندرونی علاقوں، تملناڈو، پدوچیری، کرائیکل اور شمالی مغربی خطے کے بعض علاقوں میں اگلے دو دن کے دوران اسی طرح کے حالات رہنے کا امکان ہے۔

موسمیات کے محکمے نے کہا کہ جنوبی خلیجِ بنگال، بحیرۂ انڈمان اور نکوبار جزائر کی جانب جنوب مغربی مانسون کی پیش قدمی کیلئے حالات سازگار ہیں۔x

Thailand Open

بیڈمنٹن میں، بنکاک میں جاری تھائی لینڈ اوپن میں مردوں کے ڈبلز کے سیمی فائنلز مقابلے میں آج ستوک سائی راج رنکی ریڈی اور چراغ شیٹی کی بھارتی جوڑی کا مقابلہ ملیشیا کے نور عزّالدین اور Goh Sze Fei کی جوڑی سے ہوگا۔

اس دوران پی وی سندھو اور لکشیہ سین سمیت دیگر بھارتی کھلاڑی ٹورنامنٹ سے باہر ہوگئے ہیں۔ سندھو خواتین کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میں جاپان کی عالمی نمبر تین کھلاڑی Akane Yamaguchi سے ایکس-انیس، اٹھارہ-ایکس، پندرہ-سے ہار گئیں جبکہ مردوں کے سنگلز کے کوارٹر فائنل مقابلے میں لکشیہ سین کو تھائی لینڈ کے Kunlavut Vitidsarn سے انیس-ایکس، سولہ-ایکس سے ہار کا سامنا کرنا پڑا۔x

IPL Cricket

IPL کرکٹ میں کل رات لکھنؤ کے Ekana اسٹیڈیَم میں میزبان لکھنؤ سُپر جائنٹس نے چنئی سپر کنگس کو 7 وکٹ سے ہرا دیا۔ جیت کیلئے 188 رن کے نشانے کا پیچھا کرتے ہوئے لکھنؤ سُپر جائنٹس نے 16 اوورس چار گیندوں میں میچ جیت لیا۔ Mitchell Marsh نے محض 38 گیندوں میں شاندار 90 رن بنائے۔ Marsh کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا۔ اس سے پہلے چنئی سپر کنگس نے مقررہ 20 اوورس میں 5 وکٹ پر 187 رن بنائے۔

آج شام ایڈن گارڈن میں میزبان کولکاتہ نائٹ رائڈرس کا مقابلہ گجرات ٹائنٹس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔x

SIR Delhi

دلّی میں، چناؤ فہرست پر خصوصی تفصیلی نظر ثانی SIR کا کام اگلے مہینے کی 30 تاریخ سے شروع جائے گا۔

انتخابی کمیشن نے ایک بیان میں کہا ہے کہ یہ عمل، 29 جولائی تک جاری رہے گا۔ اِس کا مقصد، اِس بات کو یقینی بنانا ہے کہ ہر اہل ووٹر، چناؤ فہرست میں شامل رہے اور کوئی نا اہل فرد اِس فہرست میں موجود نہ رہے۔

چناؤ کمیشن نے کہا کہ سامان کی تربیت اور پرنٹنگ، 20 سے 29 جون تک کی جائے گی۔ اِس کے ساتھ ساتھ، بوتھ سطح کے افسران BLOs، گھر-گھر جا کر تصدیق کرنے کی مہم چلائیں گے۔

کمیشن نے کہا کہ دعوے اور اعتراضات داخل کرنے کی مدّت 5 اگست سے 4 ستمبر تک مقرر کی گئی ہے۔

اِن دعووں اور اعتراضات کا نمٹارہ 5 اگست سے 3 اکتوبر کے درمیان کیا جائے گا۔

اِس عمل میں نوٹس سے متعلق کارروائی بھی شامل ہے۔

قطعی چناؤ فہرست اِس سال 7 اکتوبر کو شائع کی جائے گی۔x

WB Assembly Session

مغربی بنگال کے وزیر اعلیٰ سووینِدو ادھیکاری نے آسمبلی کی کارروائی میں زیادہ شفافیت لانے کیلئے وقفۂ سوالات، بحث و مباحثہ، بلوں اور بجٹ اجلاس کی براہِ راست اسٹریمنگ کی تجویز پیش کی ہے۔ انھوں نے یہ بات آسمبلی کے خصوصی اجلاس کے دوران کہی، جس میں کوچ بہار ساؤتھ سے منتخب ہونے والے BJP کے رکنِ آسمبلی Rathindra Basu کو متفقہ طور پر 18ویں قانون ساز آسمبلی کا اسپیکر منتخب کیا گیا۔

وزیر اعلیٰ نے کہا کہ عوام کو اپنے منتخب نمائندوں کی کارکردگی دیکھنے کا پورا حق حاصل ہے اور یہ آسمبلی کی کارروائی کے براہِ راست نشریے کے ذریعے یقینی بنایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگرچہ حکومت کو اکثریت حاصل ہے، لیکن ایوان اپوزیشن کا بھی ہے، لہٰذا اپوزیشن ارکان کو اپنی بات رکھنے کا مناسب موقع دیا جائے گا۔x

Lok Sabha Committee

لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے خواتین کے اختیارات کے معاملے پر ایک کمیٹی تشکیل دی ہے۔ BJP سے وابستہ لوک سبھا کے رکن ڈاکٹر Daggubati Purandeswar کو اس کمیٹی کا چیئرمین مقرر کیا گیاہے۔ یہ پینل لوک سبھا کے 18 اور راجیہ سبھا کے 10 ارکان پر مشتمل ہے۔ لوک سبھا کے ارکان میں ہیما مالینی، ہرسمرت کور بادل اور اقرأ چودھری شامل ہیں، جبکہ راجیہ سبھا سے دیگر ارکان کے ساتھ سُدھا مورتی،پی ٹی اوشا اور سواتی مالیوال کو کمیٹی میں شامل کیا گیا ہے۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......مجیب اختر

شکریہ ۔اسلم

قومی راجدھانی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اخباروں نے وزیر اعظم نریندر مودی کے متحدہ عرب امارات دورے کو شہ سرخی بنایا ہے۔ متحدہ عرب امارات کے صدر محمد بن زائد النہیان کے ساتھ ہوئی دوطرفہ میٹنگ کے دوران کئی اہم معاہدے طے پائے، جن میں LPG کی سپلائی اور 5 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری قابلِ ذکر ہیں۔ اپنے دورے کے دوران وزیر اعظم مودی نے کہا کہ بھارت، مغربی ایشیاء میں امن کیلئے ہر ممکن تعاون دینے کو تیار ہے۔

برِکس ممالک نے گلوبل ساؤتھ اور کثیر قطبی عالمی نظام کی اہمیت پر زور دیا۔ برِکس ممالک کے وزرائے خارجہ کے اجلاس میں جاری ایک صدارتی بیان میں یہ بات کہی گئی، اس خبر کو روزنامہ ہندستان ایکسپریس اور پرتاپ نے خصوصی طور پر شائع کیا ہے۔

اخباروں نے NEET-UG 2026 کا امتحان دوبارہ 21 جون کو کرائے جانے کی خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور چین کے صدر شی جن پنگ کی پیچنگ میں ہوئی میٹنگ میں چین نے مشرقِ وسطیٰ میں امن و استحکام کیلئے فوری اور جامع جنگ بندی پر زور دیا۔ اس خبر کو روزنامہ انقلاب نے نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔

مغربی بنگال کے وزیر اعلیٰ سُویندو ادھیکاری نے نندی گرام سیٹ سے استعفیٰ دیا۔ اس خبر کو روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے پہلے صفحہ پر جگہ دی ہے۔×

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- بھارت اور متحدہ عرب امارات نے، بہت سے معاہدوں پر دستخط کیے ہیں، جن میں، بھارت میں پیٹرولیم اور گیس کے اہم ذخائر قائم کرنا بھی شامل ہے۔

2- وزیر اعظم نریندر مودی پانچ ملکوں کے اپنے دورے کے دوسرے مرحلے میں نیدرلینڈس پہنچ گئے ہیں۔

3- وزیر اعظم نریندر مودی نے بیرونِ ملک سفر پر ٹیکس عائد کرنے کی میڈیا کی رپورٹ کو مسترد کر دیا ہے۔

4- CBSE نے بارہویں کلاس کے طلبا کی Answer Sheets کو دوبارہ جانچنے کا عمل شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔

5- اسرائیل اور لبنان نے جنگ بندی میں، 45 دن کی توسیع کر دی ہے۔

6- اور بیڈمنٹن میں، تھائی لینڈ اوپن کے سیمی فائنلز میں ستوِک سائی راج رنکی ریڈّی اور چراغ شیٹی کی، بھارتی مردوں کی ڈبلز کی جوڑی کا مقابلہ ملیشیاء کی جوڑی سے ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-----------------------------------